14.05.2024
Hrs 13.50
HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں مہتاب عالم

----------------------------

* وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے وارانسی پارلیمانی حلقے سے لگاتار تیسری مدت کے لئے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔
* لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔
* بھارت نے کینیا کے سیلاب متاثرین کے لئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی دوسری کھیپ روانہ کی ہے۔
* 77 واں کانس فلم فیسٹول آج فرانس میں شروع ہورہا ہے۔
* اور IPL کرکٹ میں آج شام دلی میں دلی کیپٹلس کا مقابلہ لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے---

UP PM Nomination

وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج وارانسی پارلیمانی حلقے سے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔وارانسی میں پولنگ عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں ہوگی۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے سے قبل وزیراعظم نے مقدس دریائے گنگا میں ڈبکی لگائی اور پھر کاشی کے کوتوال کال بھیرو سے آشیرواد لیا۔ اس موقع پر BJP کے قومی صدر جے پی نڈا، راجناتھ سنگھ اور ہردیپ سنگھ پوری سمیت پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے علاوہ اتحادی پارٹیوں کے لیڈران چندربابو نائیڈو، ایکناتھ شنڈے، جیتن رام مانجھی، سنجے نشاد اور رام داس اٹھاولے موجود تھے۔ جناب مودی کے خلاف اپوزیشن I.N.D.I اتحاد کے مشترکہ امیدوار کانگریس کے اجے رائے چناو لڑ رہے ہیں۔ساتویں اور آخری مرحلے کے تحت سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 57 لوک سبھا سیٹوں کے لئے پہلی جون کو پولنگ ہوگی۔ ان میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13، مغربی بنگال کی 9 ، بہار کی 8، اڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی چار، جھارکھنڈ کی تین اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ شامل ہے۔ اس مرحلے کے لئے آج کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ ہے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ امیدوار جمعہ تک اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ x

Bihar Campaign

بہار میں لوک سبھا انتخابات کے پانچویں اور باقی مرحلوں کے لئے چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے۔ BJP، JDU، لوک جنتی شکتی پارٹی رام ولاس، ہندوستانی عوامی مورچہ اور راشٹریہ لوک مورچہ پر مشتمل NDA کے سینئر رہنما چناؤ والے علاقوں میں عوامی جلسے اور ریلیاں کررہے ہیں۔ سابق نائب وزیراعلیٰ سشیل کمار مودی کے انتقال کے سبب BJP کی سرکردہ شخصیات نے آج پارٹی کے پروگراموں کو منسوخ کردیا ہے۔ عظیم اتحاد کی طرف سے RJD لیڈر تیجسوی پرساد یادو، وکاس شیل انسان پارٹی کے سربراہ مکیش ساہنی چناؤ والے علاقوں میں انتخابی ریلیاں کررہے ہیں۔ بہار پردیش کانگریس کمیٹی کے لیڈران اور پارٹی کے امیدوار بھی مختلف پارلیمانی حلقوں میں چناؤ مہم میں مصروف ہیں۔ x

## Campiagn Opposition

کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے مہاراج گنج پارلیمانی حلقے سے پارٹی کے امیدوار ویریندر چودھری کی نامزدگی کے پروگرام میں شرکت کریں گے۔ جناب کھڑگے گورکھپور ضلع میں ایک چناوی ریلی سے بھی خطاب کریں گے۔ BJP کے صدر جے پی نڈّا اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ امیٹھی میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی آج امیٹھی میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہی ہیں۔ کانگریس رہنما راہل گاندھی اور سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو جھانسی میں اتحاد کے امیدوار کی حمایت میں مشترکہ طور پر ریلیوں سے خطاب کریں گے۔اکھلیش یادو جالون ضلع میں بھی ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی بھی جھانسی میں ایک ریلی کریں گی۔BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر امت شاہ آج مغربی بنگال میں دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ وہ آج سہ پہر Bongaon لوک سبھا حلقے میں ایک اجتماع سے خطاب کریں گے۔ بعد میں وہ Uluberia لوک سبھا سیٹ سے پارٹی کے امیدوار کی حمایت کے لئے Amta کے مقام پر ایک اور جلسے سے خطاب کریں گے۔

## Srinagar Voting Percentage

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں کل جمونوکشمیر میں پرمن طریقے سے ووٹ ڈالے گئے۔ سری نگر، گاندربَل، پلوامہ، بڈگام اور شوپیاں ضلعے میں 37 اعشاریہ 99 فیصد ووٹنگ ہوئی۔2019 کے لوک سبھا انتخابات میں ووٹنگ کا فیصد چودہ اعشاریہ چار تین رہا تھا۔ چوتھے مرحلے میں ووٹنگ کی تفصیلات بتاتے ہوئے اعلیٰ انتخابی افسر Pandurang K Pole نے بتایا کہ اِس بار ووٹنگ کا کوئی بائیکاٹ نہیں ہوا اور نہ ہی کسی پولنگ مرکز پر ووٹنگ کا فیصد صفر رہا۔ اِس سے جمہوری نظام پر لوگوں کے مضبوط اعتماد کا اظہار ہوتا ہے، جو اُن کی مجموعی ترقی کیلئے ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ چار پانچ برسوں میں بہتر سیکورٹی اور امن و قانون کے ماحول کی فراہمی، چوبیس امیدواروں کی کارکردگی اور سیاسی پارٹیوں کی تیاری، ڈپٹی کمشنرس اور سی ای او دفتر نےSVEEP سرگرمیوں کے ذریعہ لوگوں میں انتخابی بیداری پھیلائی ہے۔خاص طور سے ووٹروں کا مضبوط اعتماد کے ووٹ ہی ہے، جو پائیدار ترقی کی راہ ہموار کرسکتا ہے۔

## Baramulla Consitiuency

شمالی کشمیر میں واقع سرحدی ضلع کپواڑہ، جو کہ بارہمولہ پارلیمانی حلقے کا حصہ ہے، میں آج 85 سال سے زیادہ عمر کے بزرگوں اور معذور افراد کے لئے گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ معذور افراد میں 40 فیصد سے زیادہ افراد چلنے پھرنے سے معذور ہیں۔ ضلع کے کُل 402 رجسٹرڈ بزرگ ووٹر اور معذور رائے دہندگان، ضلع کے تمام چھ اسمبلی حلقوں میں اپنے اپنے گھروں سے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کررہے ہیں۔ گھر سے ووٹ ڈالنے کا عمل اپنی نوعیت کی پہلی سہولت ہے۔ کپواڑہ ضلع میں لوک سبھا انتخابات 2024 کے پانچویں مرحلے کے تحت 20 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## Sushil Modi Condolences

بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ اور سینئر بی جے پی لیڈر سشیل کمار مودی کا کل نئی دلی میں انتقال ہوگیا۔وہ کینسر کے مریض تھے۔ان کا انتقال نئی دلی کے ایمس میں ہوا۔صدرجمہوریہ، نائب صدرجمہوریہ اور وزیراعظم نے سشیل کمارمودی کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیاہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہاہے کہ سشیل مودی کے اچانک انتقال سے

ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔انہوننے کہا کہ جناب مودی ایک نرم مزاج کے مالک تھے اور انہوں نے ایک باصلاحیت منتظم کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ اُن کی شخصیت اور کام عوامی زندگی میں دکھائی دیتا ہے۔ صدرجمہوریہ نے کہا کہ بہار کے سابق نائب وزیراعلیٰ، ممبرپارلیمنٹ اور ریاست کے دونوں ایوانوں کے ممبر کی حیثیت سے سشیل کمار مودی نے اعلیٰ نظریات کو برقرار رکھا۔ نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے کہا ہے کہ سشیل کمار مودی کے اچانک انتقال سے ملک کے سماجی، سیاسی منظرنامے کو بڑا نقصان ہوا ہے۔وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ سشیل کمار مودی نے بی جے پی کے اثرورسوخ کو بڑھانے میں غیرمعمولی خدمات انجام دیں اور انہوننے بہار میں بی جے پی کو کامیابی دلانے میں اہم رول ادا کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ ایمرجنسی کی سخت مخالفت کرکے انہوں نے طلبہ کی سیاست میں خود کیلئے ایک اعلیٰ مقام بنایا۔وزیراعظم نے کہا کہ سیاست سے متعلق معاملات میں جناب مودی کی معلومات اور سمجھ بہت گہری تھی۔بہار کے گورنر راجیندر وِشوناتھ Arlekar اور وزیراعلیٰ نتیش کمار نے بھی اُن کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

## INdia Kenya

بھارت نے فضائیہ کے ایک خصوصی طیارے کے ذریعہ کینیا میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر چالیس ٹَن دوائیں اور طبی سازوسامان پر مشتمل امداد کی دوسری کھیپ روانہ کی ہے۔ بھارت نے Tents، کمبل، پاور جنریشن Sets، صاف صفائی کیلئے بنیادی لازمی سامان کٹس، Baby Food، ملیریا اور ڈینگو کے جانچ کی کٹس اور anti venom treatment روانہ کیا ہے۔اِس امداد کی پہلی کھیپ بحری جہاز Sumedha کے ذریعہ دَس مئی کو کینیا کی حکومت کو بھیجی گئی تھی، جس میں سیلاب سے متاثر لوگوں کیلئے غذا،راحت کے سازوسامان اور دوائیں شامل تھیں۔کینیا میں موسلا دھار بارش کے سبب سیلاب سے ہونے والی تباہی میں 267 لوگوں کی موت ہوچکی ہے،188 زخمی اور 2 لاکھ80 ہزار سے زیادہ لوگ بے گھر ہوچکے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ کینیا کو بھیجی جانے والی امداد سے دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط اور دوستانہ تعلقات کا اعادہ ہوا ہے ، جس سے جنوب سے جنوب کے تعاون اور افریقہ کو اوّلین ترجیحات میں رکھنے کے بھارت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## Coal Production

بھارت کے گھریلو کوئلے کا ذخیرہ اس سال 26 فیصد بڑھ کر 149 ملین ٹن ہو گیا ہے۔ کوئلے کے وزیر پرہلاد جوشی ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر مطلع کیا کہ ماہ اپریل میں ملک کی کوئلے کی پیداوار میں سات اعشاریہ تین ایک فیصد کا اضافہ ہوا۔ انھوں نے مزید کہا کہ بجلی کے سیکٹر کے لئے کوئلے کی مانگ میں سال بہ سال پانچ اعشاریہ چار تین فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ جناب جوشی نے زور دے کر کہا کہ ملک، کوئلے کی زیادہ سے زیادہ مانگ کو پورا کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہے۔ جون کے مہینے میں بجلی کی مانگ دن میں 240 گیگا واٹ اور شام میں 235 گیگا واٹ تک پہنچ جانے کا امکان ہے۔x

## Kerala Cargo Vessel

کیرالہ میں ریاستی ساحلی پولیس نے کارگو جہاز ساگر یوراج کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے جو کل صبح سویرے مچھلی پکڑنے والی ایک کشتی سے ٹکراگیا تھا اور پھر وہ کشتی سمندر میں ڈوب گئی تھی۔ اس حادثے میں دو ماہی گیر ہلاک ہوگئے تھے جبکہ چار ماہی گیروں کو جہاز کے عملے نے بچا لیاتھا۔ یہ حادثہ بحیرہ عرب میں Ponnani کے ساحل سے تقریباً 38 نوٹیکل میل دور پیش آیاتھا۔ پولیس نے بتایا کہ کارگو جہاز کو کوچین ساحل لے جایاجائے گا۔

## Nepal President

نیپال کے صدر رام چندر Paudel کے آج سہ پہر وفاقی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے لئے حکومت کی پالیسی اور پروگرام پیش کرنے کا امکان ہے۔ پارلیمنٹ سکریٹریٹ نے سہ پہر تین بجے شروع ہونے والی میٹنگ کی تمام تیاریاں مکمل کرلی ہیں-x

## Cannes Film Festival

77 واں Cannes فلم فیسٹول آج فرانس کے Cannes شہرمیں شروع ہوگا۔ اِس بارہ روزہ فیسٹول میں بھارت بھی شرکت کررہا ہے۔ بھارتی وفد میں مرکزی اور ریاستی حکومت کے نمائندے اور فلم صنعت کے ممبران شامل ہیں۔ بھارت پہلی بار Cannes فلم فیسٹول میں بھارت پرو کا انعقاد کرے گا۔ بھارت پرو میں بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول2024(IFFI) کے آفیشل پوسٹر ٹریلر بھی جاری کیا جائے گا۔ یہ فیسٹول گوا میں بیس نومبر سے 28 نومبر کے درمیان ہوگا-x

## Unesco India

Ramcharitmanas، پنچ تنتر اور Sahrdayaloka-locana کو یونیسکو کے ایشیا بحرالکاہل علاقائی رجسٹر میں عالمی یاد گار کے طور پر شامل کیا گیا ہےوزارت ثقافت نے کہا ہے کہ یہ بھارت کیلئے فخریہ لمحہ ہے اور اِس سے ملک کے گرانمایہ ادبی اور ثقافتی وراثت کی تصدیق ہوتی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ یہ، ثقافتی ورثے کی حفاظت کی عالمی کوششوں کی علامت بھی ہے، جس سے متنوع بیانیوں اور فنکارانہ مظاہروں کا اعتراف کرنے اور اُن کی حفاظت کی اہمیت اُجاگر ہوتی ہے-Ramcharitmanas گوسوامی تُلسی داس نے اور پنچ تنتر پنڈت وِشنو شرما نے لکھی تھی اور Sahrdayaloka- Locana کے مصنف آچاریہ آنند وردھن ہیں۔اندراگاندھی نیشنل سینٹر فارآرٹس IGNCA نے ایشیاء اور بحرالکاہل کی یادگاروں سے متعلق عالمی کمیٹی کی دسویں میٹنگ کے دوران تاریخی کردار ادا کیا ہے-x

## IMD

بھارتی محکمہ موسمیات نے پنجاب میں اگلے چار سے پانچ روز کے دوران خشک موسم، درجہ حرارت میں اضافہ اور گرمی کی لہر کی پیش گوئی کی ہے۔ کل ریاست میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا۔ سب سے زیادہ درجہ حرارت 43 اعشاریہ سات ڈگری سیلسیس Abohar ٹاؤن میں درج کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ موسم سے متعلق تازہ ترین ایڈوائزری سے باخبر رہیں-x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج نئی دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دلی Capitals کا مقابلہ لکھنؤ سپرجائنٹس سے ہوگا۔ کل احمدآباد کے نریندرمودی اسٹیڈیم میں بارش کی وجہ سے گجرات ٹائٹنس اور کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ بارش کی وجہ سے منسوخ ہوجانے کے بعد گجرات ٹائٹنس پلے آف کی دوڑ سے باہر ہوگیاہے۔ اس طرح دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ مل گیاہے۔ کولکاتہ واحد ایسی ٹیم ہے جس نے اگلے مرحلے کیلئے پہلے ہی کوالیفائی کرلیاہے-x

## Italian Open Tenis

ٹینس میں آج روم میںItalian Open میں مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے ان کے ساتھی کھلاڑی میتھیو Ebden کا سامنا اٹلی کی جوڑی Simone Bolelli اور Andrea Vavassori سے ہوگا۔ دوسرے نمبر کی بھارت اور آسٹریلیا کی جوڑی نے کل اٹلی کی جوڑی Francesco Passaro اور Matteo Arnaldi کو سیدھے سیٹوں میں چھ- دو، چھ - دو سے ہرایا۔